© rasailojaraid.com

ادبیات

غزل

از

(جناب روشؔ صدیقی)

جبیں پہ نورِ مسرت ہے، آنکھ پُر نم ہے
فروغِ عشق کا عالم، عجیب عالم ہے

ہزار پردہ حائل ہے، اک تحیرِ شوق
جمالِ یار تجھے یہ نقاب کیا کم ہے

جہانِ لالہ و گل بھی نہیں دیارِ قیام
ہنوز گرمِ سفر کاروانِ شبنم ہے

مآلِ تلخیٔ عشرت سے بے خبر ہے حیات
ابھی تو شکوۂ آغازِ تلخیٔ غم ہے

خفا ہیں سب، ترے مستوں کی بے نیازی سے
کہ ان کو فرصتِ ترک و طلب ذرا کم ہے

سکوتِ ناز ہے ہم رنگیٔ نالۂ خاموش
اُدھر بھی ہے وہی عالم اِدھر جو عالم ہے

یہی ہے وقت روشؔ نذر کر متاعِ سکوں
خوشا! وہ زلفِ پریشاں کچھ اور برہم ہے

© rasailojaraid.com